بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

プラウドシーズン千歳烏山
全邸敷地面積100m2以上！千歳烏山 駅徒歩15分。全25邸の新築一戸建て
AdChoices

نماز جنازہ میں خودکش حملہ، تحریک انصاف کے ایم پی اے سمیت 29 شہید

شیر گڑھ میں مقامی پٹرول پمپ کے مقتول مالک کی نماز جنازہ ادا کی جارہی تھی، دوسری تکبیر کے بعد زوردار دھماکا ہوا، ہرطرف انسانی اعضاء اور لاشیں بکھر گئیں، عینی شاہدین

دھماکے میں 75 افراد زخمی بھی ہوئے، مولانا قاسم اور مقتول عمران مہمند کے بھائی بھی شامل، خودکش بمبار کے اعضاء مل گئے، حملہ آور ازبک تھا، ایس پی انویسٹی گیشن

پشاور/تخت بھائی اے ایف پی/نمائندہ جنگ) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع مردان کے علاقے شیر گڑھ میں ایک مقامی تاجر کی نماز جنازہ کی ادائیگی کے دوران خودکش بم دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں پی کے 27 سے آزاد حیثیت میں منتخب اور بعدازاں پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کرنے والے رکن صوبائی اسمبلی عمران خان مہمند سمیت 29 افراد جاں بحق اور 75 زخمی ہو گئے جبکہ اس موقع پر موجود تحریک انصاف کے نومنتخب ایم این اے علی محمد خان ایڈووکیٹ بال بال بچ گئے۔ خیبر پختونخوا حکومت نے مردان دھماکے میں جاں بحق افراد کے لئے تین تین لاکھ جبکہ زخمیوں کیلئے ایک ایک لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا ہے۔ قبل ازیں نماز جنازہ میں سیکڑوں افراد شریک تھے۔ زخمیوں میں سابق ایم این اے مولانا محمد قاسم اور سابق ناظم مدے بابا ملک امان خان جماعت اسلامی کے مولانا عبدالبر بھی شامل ہیں۔ زخمیوں میں 20 کے قریب شدید زخمی ہیں۔ زخمیوں کو درگئی ' تخت بھائی ' مردان اور پشاور کے اسپتالوں میں داخل کر دیا گیا ہے جبکہ تمام اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ ایس پی انویسٹی گیشن نے کہا کہ واقعے کی تحقیقات کے شواہد اکٹھے کر لئے گئے اس کے علاوہ خودکش حملہ آور کے اعضا بھی مل گئے ہیں جنہیں دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ خودکش بمبار مقامی نہیں بلکہ ازبک تھا۔ صدر آصف زرداری، وزیراعظم نوازشریف، پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان، جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمن اور جماعت اسلامی کے امیر سید منور حسن سمیت متعدد سیاسی اور مذہبی رہنماؤں نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز فائرنگ سے ہلاک ہونے والے مقامی پٹرول پمپ کے مالک حاجی عبداللہ کی ملاکنڈ روڈ شیر گڑھ کے مقام پر نماز جنازہ ادا کی جارہی تھی کہ اس دوران ایک نامعلوم خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا۔ سابق ایم این اے اور جے یو آئی پختونخوا کے جنرل سیکرٹری محمد قاسم نماز جنازہ پڑھا رہے تھے۔ وہ بھی اس دھماکے میں معمولی زخمی ہوئے ہیں تاہم خودکش حملہ آور کا ہدف ایم پی اے عمران خان مہمند تھا۔ نماز جنازہ میں شرکت کرنے والے تحریک انصاف کے نومنتخب ایم این اے علی محمد خان ایڈووکیٹ بال بال بچ گئے۔ عینی شاہدین اور مقامی حکام کے مطابق شیر گڑھ مالاکنڈ روڈ پر نماز جنازہ ادا کی جارہی تھی کہ دوسری تکبیر کے بعد مالاکنڈ روڈ کے مغرب کی طرف سے اچانک 25 ' 26 سالہ افغانی شکل وصورت والا نوجوان تیزی سے آکر پہلی صف میں شامل ہو گیا جس کے بعد ایک زوردار دھماکا ہوا اور ہرطرف انسانی خون اور اعضاء بکھر گئے۔ دھماکے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے تمام افراد بری طرح جھلس گئے جن کی شناخت مشکل ہے۔ ایک پولیس اہلکار نے بتایا کہ زخمیوں میں زیادہ تر کی حالت تشویش ناک ہے۔ اس واقعہ کے بعد پولیس کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی ہے اور پورے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے